
www.novelsclubb.com
اُدعُونی
از قلم حمیرا شیخ
:novelsclubb
:read with laiba
03257121842

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول،افسانہ،شاعری،ناولٹ،کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک،انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

اُدعُونی

از قلم

حمیرا شیخ

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مارچ۔ 25

رات کے تین بج رہے تھے۔

پورا گھر اندھیرے میں ڈوبا ہوا تھا سوائے ایک کمرے کے۔ چلتے ہوئے اس کمرے کے اندر جاؤ تو سامنے بیڈ پر وہ بیٹھی ہوئی تھی۔ سیاہ رنگ کی لمبی قمیص اور سفید چوڑی دار میں ملبوس وہ چہرے کے گرد سفید دوپٹہ بندھے ہوئے تھی۔ اس کا چہرہ ملائی کی مانند سفید تھا سیاہ آنکھیں، اُس پر دراز پلکیں، مغرور سی ناک، تیکھے نقوش۔۔۔ بیشک وہ بہت خوبصورت تھی۔ ہاتھ میں پکڑے موبائل کی روشنی سے اُسکا چہرہ دمک رہا تھا۔

ریلس سکرول کرتے کرتے اسکی انگلی ایک وڈیو پر آ ٹھہری۔ وڈیو میں ایک چھوٹا بچہ ہاتھ میں خالی برتن لئے مسکراتا کچھ کہہ رہا تھا بچے کی زبان عربی تھی مگر موبائل سکرین پر نظر آتی اُردو تحریر سے اسکی بات سمجھ آ رہی تھی۔ کسی نے اس بچے سے سوال کیا تھا کے کیا ہوا ہے جس کے جواب میں (بچے نے اپنی پیچھے کی جانب اشارہ کر کے دکھایا۔ وہاں تھوڑی دیر قبل کھانا تقسیم کیا جا رہا تھا

www.novelsclubb.com

اور اب وہاں اداس چہروں والے انسان اِدھر اُدھر بکھرتے ہوئے دکھائی دے رہے تھے۔)

"میں بہت بھوکا ہو بہت دیر سے اس قطار میں کھڑا ہو پر جب میری باری آئی تو کھانا ختم ہو گیا۔"

....اتنا کہہ کر بچہ مسکرایا اور قرآن کی آیات تلاوت فرمائی

(حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ: نِعۡمَ الۡمَوۡلٰی وَنِعۡمَ النَّصِیۡرُ)

اس وڈیو کے کیپشن میں فلسطین کا ٹیگ لگا ہوا تھا۔

اس نے وڈیو کو اوپر کیا تو ایک اور وڈیو سامنے آئی تھی۔ یہ وڈیو چاند رات کی تھی آج 14 روزہ تھا، مطلب ویڈیو پورے 14 دن پہلے کی تھی۔ وڈیو میں ایک معصوم سے بچی دکھائی دے رہی تھی کسی نے اس سے سوال کیا تھا۔

"تمھاری کیا خواہش ہے اس زندگی میں؟"

میں چاہتی ہو پرانے دن واپس آجائے۔" بچی معصومیت سے مسکراتے ہوئے کہہ رہی تھی۔"

کیوں اب کیا ہوا؟" سامنے سے سوال کیا گیا تھا۔"

میرا خاندان 15 دن پہلے شہید ہوا اب صرف میں اور میری بہن بچی ہیں۔ ہمارے پاس ہمارا" اپنا کوئی نہیں بچا ہے۔ ہمارے پاس ہماری میز پر بیٹھنے کے لیے کوئی نہیں بچا ہے۔

www.novelsclubb.com

وڈیو ختم ہو گئی تھی۔ہاتھ میں موبائل پکڑی ایمان کے آنکھوں سے بے اختیار آنسوؤں کا سیلاب بہہ نکلا تھا.

#Palestine today news اُس نے سرچ سیکشن پر کلک کیا اور سرچ کیا۔

تھوڑی ہی دیر بعد ایک اور پیج کھل کر سامنے آیا وہ پڑھتے گئی اور اس کے رونگٹے کھڑے ہوتے گئے اسے دیکھنے پر یوں معلوم ہو رہا تھا جیسے اس کے اندر کسی نے خنجر گھونپ دیا ہو۔موبائل پر انگلش میں کچھ اس طرح تحریر نمایاں تھی۔

"TW: sexual assault."

A pregnant woman sheltering at Al-Shifa hospital with her husband and children was forced to undress by Israeli forces. She told them she was pregnant, and they kicked and assaulted her. They then raped her in front of her family. They told her

www.novelsclubb.com

husband and the other men present that they would shoot them if they closed their eyes.

I know this is horrific, but we cannot turn a blind eye towards the horrors unfolding in Gaza right now.....

تبھی کسی نے اس کے دروازے پر دستک دی۔

"ایمان دروازہ کھولوں۔"

اس نے اپنا موبائل سائیڈ ٹیبل پر رکھا دونوں ہاتھوں سے اپنے چہرے کو صاف کرتے ہوئے اٹھ کھڑی ہوئی۔ پھر چھوٹے چھوٹے قدم بھرتے دروازے تک آئی اور اپنے مردہ ہاتھوں سے دروازہ کھولا سامنے اس کا بھائی کھڑا تھا جو غالبا اسے سحری کے لیے جگانے آیا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تم اٹھ گئ؟ چڑیل کیا اب تمہیں روز جگانے کے لیے آنا پڑے گا کہیں کی مہارانی لگتی ہو۔" یہ اس کا چھوٹا بھائی تھا مگر قد میں ایمان سے تھوڑا زیادہ تھا آنکھیں ہو بہو اپنی بہن کی طرح سیاہ تھی اور اس پر دراز پلکیں گوری رنگت اور بال ماتھے پر بکھرے ہوئے تھے۔

صفوان اسے چڑھانے والے انداز میں کہہ رہا تھا صفوان کو توقع تھی کہ وہ کوئی جواب دے گی لیکن ایمان خاموش رہی۔

صفوان نے اس کے چہرے کی طرف دیکھا جو کہ رونے کی وجہ سے سرخ ہو گیا تھا اور اس کی انکھیں سوجھ گئ تھی۔

"کیا ہوا تمہیں کیا کسی نے کچھ کہا ہے؟ اس نے پریشانی سے سوال کیا۔"

ایمان نے اپنی نظریں اٹھا کے اسے دیکھا اور لہجے کو سرسری سا بناتے ہوئے کہا۔ "نہیں۔ مجھے "کیا ہونا ہے؟

سچ سچ بتاؤ مجھے کیا ہوا ہے؟ تمہاری آنکھیں بتا رہی ہے تم روتی رہی ہو۔" صفوان نے پھر سے" سوال کیا تھا وہ اب پریشان لگ رہا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

میں رات بھر جاگی ہوں اس لیے میری انکھیں ایسی لگ رہی ہے۔"وہ کہتے ہوئے صفوان کو" ..سائیڈ کرتے ہوئے باہر کو نکل گئی

•••••••

حال میں داخل ہو تو سامنے سربراہی کرسی پر خان صاحب بیٹھے تھے۔اُن کے دائیں جانب نازیہ بیگم بیٹھی تھی اور بائیں جانب ان کا بڑا بیٹا شعیب،اور شعیب کے پاس کی کرسی پر ثنا بیٹھی تھی یہ شعیب کی بیوی تھی۔ایمان اور صفوان آمنے سامنے تھے وہاں صرف ایک کرسی خالی تھی جو کے خان صاحب کی سب سے چھوٹی بیٹی کی جگہ تھی۔

جویریہ سب سے چھوٹی تھی اُس کی عمر اٹھارہ سال تھی۔

کھانا تیار تھا اور وہ سب جویریہ کے انتظار میں بیٹھے تھے۔

جویریہ کہاں ہے اب تک کیوں نہیں آئی سحری کا وقت نکلتا جارہا ہے۔"خان صاحب کی رعب" دار آواز سارے میں گنجی تھی۔

میں بلالاتی ہوا سے شاید وہ سو رہی ہو گی۔"ثنا نے کہا۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بھابھی آپ رہنے دے میں بلا لاتا ہو۔"صفوان نے اپنی کرسی ہٹاتے ہوئے کہا۔"

تم اسے بلا لاؤ تب تک سب سحری کرنا شروع کرے۔"خان صاحب نے کھانے کی طرف" اشارہ کرتے ہوئے کہا تھا۔وہ مزاج کے سخت نہیں تھے پر ان کا لہجہ حتمی ہوا کرتا تھا۔

صفوان جویریہ کے دروازے کے باہر کھڑا کچھ سوچ رہا تھا اسکے چہرے پر شرارت بھری مسکان تھی۔

جویریہ کے کمرے کا دروازہ لوک نہیں تھا صفوان دروازے کو دھکیلنے کی بجائے زور زور سے چلانے لگا۔

"اٹھ جاؤ۔اٹھ جاؤ۔چڑیلوں کے سحری کا وقت ہوتا جا رہا ہے۔اٹھ جاؤ بے شرموں اٹھ جاؤ؟"

اسے پتا تھا جویریہ شور کے سنے جانے پر خوب کوفت زدہ ہوتی تھی اور ممکن تھا وہ باہر آکر صفوان کو خوب جلی کٹی سنائے پر اندر سے کوئی جواب آیا نہ جویریہ باہر آئی تھی۔اس کے باہر نہ آنے پر صفوان حیران ہوا تھا۔جویریہ بہت کم سن لڑکی تھی نہ زیادہ باتیں کرتی نہ کوئی شرارت اسے خاموشی پسند تھی اور شور اسے خوب جبھتا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جوئی، بابا بلا رہے ہے سحری کا وقت نکلتا جا رہا ہے۔ جلدی سے باہر نکلوں۔"جویریہ کو اٹھانے کے لئے ایک آواز کافی ہوتی تھی بر خلاف ایمان کے جب اسے اٹھانے جاؤ تو جب تک دروازے پر بکوں کی بارش نہ ہو جائے تب تک اسکی نیند نہیں جاتی تھی۔ ایمان کے کمرے میں اسے کسی اجازت کی ضرورت نہیں تھی وہ جب چاہے بنا بتائے آجا سکتا تھا۔ ایمان نے کبھی اسے نہیں روکا تھا لیکن جویریہ کو بنا بتائے کمرے میں چلے جانے پر ایسے غصّہ آتا تھا مانو کسی نے اسکا گھر لوٹ لیا ہو۔ اور اب یہ جویریہ کا کمرہ تھا جس میں وہ بنا اجازت داخل نہیں ہو سکتا تھا۔

اس کے باہر نہ نکلنے پر صفوان نے دروازے کو دھکیل کر اندر کو جھانکا تھا۔ بیڈ خالی تھا وہاں جویریہ نہیں تھی وہ دروازے کو پورا دھکیلتے ہوئے اندر چلا آیا۔

جویریہ اس نے پھر سے ندا لگائی تھی جواب ندارد۔ باتھروم کا دروازہ کھولا تھا اور اس کے اندر کا منظر نظر آرہا تھا اس نے جیسے ہی ادھر دیکھا ایک زور کی پکار ماری تھی۔

جویریہ۔۔۔"وہ بھاگتا ہوا جوئی کے پاس آیا جویریہ باتھروم میں فرش پر گری ہوئی بے ہوش" پڑھی تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

وہ دیوانہ وار اسے پکار رہا تھا اس نے جویریہ کے سر کو اٹھا کر اپنی گود میں رکھا اور اسے ہلانے لگا تھا

تب ہی پیچھے سے شعیب اندر داخل ہوا تھا یقیناً اسے صفوان کی چینخوں نے یہاں لایا تھا۔

کیا ہوا جویریہ کو۔"شعیب نے آتے ہی صفوان سے سوال کیا تھا۔"

بھائی یہ بے ہوش پڑی ہے اٹھ نہیں رہی۔"صفوان نے پریشان سا ہو کر جواب دیا تھا۔"

شعیب آگے کو آیا اور اسے اپنی گود میں اٹھاتا بیڈ کی طرف آیا جویریہ کو بیڈ پر لٹا کر وہ صفوان کی طرف مخاطب ہوا تھا۔

"تمہارا دوست بلال وہ ڈاکٹر ہے نا جلدی سے اُسے بلاؤ۔"

صفوان نے اپنی کانپتی انگلیاں موبائل پر چلاتے ہوئے جلدی جلدی کال ملانے لگا تھا۔

تیسری بیل پر کال اٹھائی گئی تھی۔

"ہاں بول صفوان اتنی رات کو کیا مصیبت آپڑھی جو مجھے یاد کر لیا؟ "

سامنے سے ایک مردانہ آواز ابھری تھی۔

"تو جلدی میرے گھر آ۔"

کیوں کیا ہوا۔"کال پر موجود بلال نامی صفوان کے دوست نے سوال کیا تھا۔"

www.novelsclubb.com

وہ جویریہ بے ہوش ہوگئی ہے تو بس جلدی آجایار۔"صفوان نے پریشانی سے کہا تھا۔"

"او کے او کے میں ابھی آتا ہو تم پریشان نہ ہو۔"

اتنا کہہ کر کال کاٹ دی گئی تھی۔

تھوڑی دیر بعد پورا گھر جویریہ کے کمرے میں جمع تھا ڈاکٹر بلال اس کو کچھ انجکشن دے کر جا چکا تھا۔نازیہ بیگم اسکے سراہنے سے بیٹھی اس کے سر پر ہاتھ پھیر رہی تھی اور بار بار اپنی آنکھوں میں آتے آنسو کو ڈوپٹے سے صاف کر رہی تھی۔اُن کے قریب ایمان بیٹھی انہیں دلاسہ دے رہی تھی۔

ماما کچھ نہیں ہوا تھوڑی کمزوری ہے اسے،اس لئے بے ہوش ہوئی ہے۔"جویریہ اب بھی دوائی کے زیر اثر بیڈ پر نیم دراز تھی۔

صفوان اور شعیب آپس میں کچھ بات کر رہے تھے اُن دونوں کے چہروں پر پریشانی کے آثار نمایاں تھے۔

جویریہ کو ہوش آئے تو مجھے بتا دینا ایمان۔"خان صاحب نے کہہ کر ایک نظر جویریہ پر ڈالی اور" باہر کو چلے گئے ان سے اپنے بچوں کی تکلیف دیکھی نہیں جاتی تھی.

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

وہ اپنے دونوں ہاتھ باندھے کمرے کا جائزہ لے رہا تھا۔

گوری رنگت کا وہ شخص اپنی سنہری آنکھیں کمرے پر مرکوز کیے ہوئے تھا۔ سیاہ شرٹ پر سیاہ جینس پہنے ہاتھ میں سیاہ سمارٹ واچ پہنے وہ ہشاش بشاش لگ رہا تھا۔ اسے چند دن میں کمرہ خالی کر کے جانا تھا ابھی سحری ختم کر کے اس نے کمرہ خالی کرنے کا کام شروع کر دیا تھا۔ وہ وقت سے پہلے کام ختم کر دینے کا عادی تھا اور ابھی بھی تقریباً سارا کام ہو ہی چکا تھا۔

عملد صاحب، یہ شاپر کہاں رکھنا ہے؟" کسی نے پیچھے سے آواز لگائی تھی۔"

لاؤ۔ اسے لا کر میرے سر پر رکھ دو۔" اس نے اکتا کر جواب دیا تھا۔ "کہا تو ہے سارا سامان "گاڑی میں رکھنا ہے۔

یہ عملد کا نوکر حسن تھا جس کو ہر بات دو سے تین دفعہ بتانے پر سمجھ آتی تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM
FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ٹھیک ہے صاحب۔"اس نے شرمندہ ہوئے بغیر کہا تھا کیونکہ اُسے اب اپنے "صاحب" کی باتیں سننے کی عادت ہو چکی تھی۔

آذان کی آواز آنے پر اس نے اپنی گھڑی دیکھی یہ آواز اسکی گھڑی سے ہی آرہی تھی۔ پانچ نمازوں کے لئے اس کی سمارٹ واچ میں الارم سیٹ تھا وہ آذان کے وقت سے پہلے بج جاتا تھا۔ یہ اس لئے تھا کے اسے بچپن سے اذان دینے کی عادت تھی۔اُس نے یہ عادت ممبئ آنے کے بعد بھی نہیں چھوڑی تھی۔جب وہ یہاں آیا تو بیس سال کا تھا,اور اب چوبیس سال کا ہو چکا تھا اُسے ممبئ میں رہتے ہوئے چار سال ہو چکے تھے۔

اُس نے حسن پر "میرے آنے سے پہلے سب ہو جانا چاہیے" والی نظر ڈالی اور باہر نکل گیا۔

www.novelsclubb.com

اکولہ میں سحری کے دس منٹ بعد آذان ہو جاتی تھی۔آذان کب سے ہو گئی تھی ایمان جویریہ کے کمرے سے آتے ہی اپنے کمرے میں آئی تھی۔اُس نے جلدی جلدی وضو بنا کر مصلّہ بچھایا اور نماز کی نیت کرنے لگی۔وہ بہت آرام سے نماز پڑھا کرتی تھی ایک ایک حرف کو اچھی طرح ادا کرتے ہوئے، نماز ختم ہوتے ہی اُس نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھاہے تھے۔

ہاتھ اٹھتے ہی اسکے آنکھوں سے آنسو ابلنے لگے تھے اسکے لب حرکت کرنے سے خالی تھے وہ بنا الفاظ کے ہاتھ اٹھائے روتی جارہی تھی اس کے ذہن میں صبح کا فلسطیں والا منظر اب بھی نقش تھا۔

وہ ایسے ہی بنا آواز کے روتی رہی تھوڑی دیر بعد اس کے لب پھڑ پھڑائے تھے۔

"یااللہ میرے اللہ آپ تو سب جانتے ہے نا۔آپ کے علم میں تو سب کچھ ہے وہ جو ہم ظاہر کرتے ہے اور وہ بھی جو ہم چھپاتے ہے۔

آپ کی قدرت تو بہت وسیع ہے نا اللہ جی آپ ہر چیز پر قادر ہے۔

یااللہ ہم پر رحم فرمادیجئے۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یااللہ ظالم کافر مسلمانوں پر کیسے کیسے ظلم ڈھارہے ہیں اور فلسطین کے مسلمان کچھ نہیں کر سکتے لیکن اللہ جی دوسرے مسلم ممالک کے حکمران کیوں کچھ نہیں کر رہے ؟

یااللہ یہ فانی دنیا بھی کافروں کی ہے اور اس فانی دنیا کا قانون بھی ان کافروں کا ہے۔" آنکھوں سے آنسو اب تک جارے تھے۔

یااللہ پر آپ تو ہمیشہ قائم رہنے والے ہیں نا اور آپ تو ہمارے ہے نا یااللہ مدد کریں۔"

یااللہ ہم بہت کمزور ہے آپ کے علاوہ ہمارے پاس کوئی محافظ نہیں۔

یااللہ مسلمانوں کی حفاظت کریں ان کے مال کی ان کی اولاد کی ان کی جان و عزت کی حفاظت کرے۔ یااللہ آپ سے بہتر کون حفاظت کر سکتا ہے ؟ بے شک آپ خوب حفاظت کرنے والے ہیں۔

یااللہ فلسطین میں آپ کے لاڈلے نبی کی لاڈلی امت کو طرح طرح کی تکلیفیں دی جارہی ہے۔

یااللہ انہیں سرے عام مارا جارہا ہے۔ اسلام کی شہزادیوں کی عزت کو لوٹا جارہا ہے۔" کہتے ہوئے ایمان کے آنکھوں میں دیکھی ہوئی ریل آگئی اور اب اور زیادہ آنسوؤں میں سدت آگئی تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یااللہ پھر بھی مسلمان چپ ہے،اپ بتائیں وہ کس کے پاس جائے وہ کس سے فریاد کرے یااللہ" ہمارا آپ کے سوا کوئی نہیں۔

یااللہ ہم بے بس ہیں لیکن آپ۔۔۔آپ تو سب کچھ کر سکتے ہیں نا۔آپ کے ہاتھ میں تو ساری دنیا ہے۔آپ کے ایک کن سے وہ لوگ تباہ ہو جائیں گے۔

یااللہ اگران کافروں کے حق میں ہدایت ہے تو انہیں ہدایت دے اور اگران کے حق میں ہدایت نہیں تو انہیں ابھی کے ابھی ہلاک کر دے۔

یااللہ انہیں برباد کر دے۔

یااللہ امت کے حال پر رحم فرما۔

یااللہ تیرے لاڈلے نبی کی لاڈلی امت ہے مانا ہم بہت گنہگار ہے لیکن تیرے نام لیوا بندے ہیں۔

اے اللہ تو ہمارے گناہوں کی طرف نہ دیکھ اے اللہ تو اپنی رحمت کی طرف دیکھ۔یااللہ ہم سب کو معاف فرما۔یااللہ ہمارے حال پر رحم فرما۔"وہ ابھی بچوں کی طرح بلک بلک کر رو رہی تھی۔

یااللہ آپ کو آپ کے نبی کا واسطہ۔"

www.novelsclubb.com

یااللہ آپ کو بدر میں شہید ہوئے صحابہ کا واسطہ۔

یااللہ مسلمانوں کی جائز دعاوں کو قبول کر لے۔

یااللہ ان پر رحم فرما۔

یااللہ ان کی عزت کو تار تار ہونے سے بچا لے بے شک تو بڑا مہربان ہے تجھ سے زیادہ مہربان کوئی نہیں۔

یااللہ جو مانگا ہوا عطا کر جو مانگنے سے رہ گیا وہ عطا کر۔ آمین" کہہ کر وہ دونوں ہاتھوں سے اپنا چہرہ مل کر جائے نماز کو تہہ کر کے اٹھنے لگی۔ اس کا چہرہ رونے کی وجہ سے سرخ ہو چکا تھا اور آنسو تھے کہ اب بھی رکنے کا نام نہیں لے رہے تھے۔

....

عصر کی اذان ہو گئی تھی ایمان کے کمرے کے سامنے آؤ تو جویریہ کا کمرہ تھا اور وہ خالی خالی انکھوں سے چھت کو تک رہی تھی۔ وہ دبلی پتلی سی اٹھارہ سال کی لڑکی تھی۔ چھوٹی چھوٹی آنکھیں اور معصوم سا چہرہ تھا۔ اس کے پاس ہی بیڈ پر صفوان بیٹھا تھا جو پریشانی سے اسے دیکھ رہا تھا صفوان

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جویریہ سے دو سال بڑا تھا وہ اسے ہر وقت پریشان کرتا رہتا تھا مگر جب آج جویریہ بیمار تھی تو سب سے زیادہ پریشان بھی صفوان ہی ہوا تھا۔اس کی پریشانی کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ اسے بلال نے بتایا تھا جویریہ کو کسی بات کا ڈپریشن ہے جس کی وجہ سے وہ بے ہوش ہو گئی تھی۔

جویریہ کیا ہوا ہے تمہیں؟"اس نے کوئی جواب نہیں دیا بس صفوان کو نظریں اٹھا کر دیکھا اور" پھر سے چھت کو دیکھنے لگی۔صفوان کو پتا تھا اب کوئی فائدہ نہیں وہ جب خاموش ہوتی تو کسی کی اتنی مجال نہیں تھی جو اس سے کچھ بلوالے۔

وہ وہاں سے اٹھا اور باہر نکل گیا۔

..

ایمان اپنے کمرے میں بیٹھی تھی تب ہی اس کے موبائل کی آواز کمرے میں گنجی تھی۔اس نے سائیڈ ٹیبل سے اپنا فون اٹھایا عمار کالنگ،اسکے ہونٹ مسکراہٹ میں ڈھلے تھے.اسنے جلدی سے کال اٹھا کر فون کو کان سے لگایا۔"اور کیا حال ہے بیگم آپ کا آپ کو تو ہم یاد ہی نہیں۔" موبائل سے عمار کی نرم آواز ابھری تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

آپ بھولتے ہی کب ہو۔"ایمان نے مسکرا کر کہا تھا۔عمار اور ایمان کا نکاح عمار کے ممبئ" جانے کے بعد جب وہ تین سال بعد چھٹیوں میں گھر آیا تب ہوا تھا البتہ ابھی رخصتی نہیں ہوئی تھی.

"نہیں بھولتا تو کم سے کم بندہ ایک بار کال ہی کر لیتا ہے یار۔"

اس نے خفا ہونے والے انداز میں کہا تھا۔

اچھا وہ سب چھوڑوں مجھے یہ بتاؤ تم واپس کب آرہے ہو؟" باتوں باتوں میں وہ کب آپ سے" تم پر آجاتے ان دونوں کو پتا ہی نہیں لگتا تھا.

"ابھی تو مجھے بہت کام کرنے باقی ہے میں عید کے دن ہی آپاؤں گا۔"

اچھا پر تم تو رمضان کے پہلے آنے والے تھے نہ اب تو آدھا رمضان تک ہو گیا ہے اور اب تم" "کہہ رہے ہو عید کے دن آؤں گا جاؤ یار مجھے نہیں بات کرنی تم سے۔

ایمان نے اتنا کہہ کر کال کاٹ دی اب اسے پتا تھا وہ اگلے ایک گھنٹے تک اسے کال کرتا رہے گا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

افطار کرنے کے بعد سب نماز پڑھ کر اپنے اپنے کمرے میں چلے گ ۓ تھے۔ صفوان کو عادت تھی وہ افطار کے بعد کافی پیۓ بنا گزارا نہیں کرتا تھا اس لئے وہ کچن میں چلا آیا۔ فریج سے ایک دودھ کا پیکٹ نکال کر اس نے پتیلی میں اونڈیلا اور اسے گیس پر فُل آنچ پر رکھ دیا۔ جب دودھ اوپر کو آیا تو اس نے گیس کو بند کر کے بھانپ اڑاتا ہوا دودھ دو کپ میں نکالا اور کافی کے ایک ایک چمچ ایڈ کر کے وہ انہیں ہلاتا ہوا دو کپ تیار کر چکا تھا۔ انہیں تھام کر وہ کچن سے باہر آیا اور جویریہ کے کمرے کی طرف بڑھنے لگا۔ جویریہ کے کمرے کے باہر جا کر اس نے آواز لگائی تھی

""جویریہ دروازہ کھولو۔

جویریہ نے دروازہ کھولا وہ اب فریش لگتی تھی مگر پھر بھی کمزور لگ رہی تھی۔

اس نے ایک کپ جویریہ کی طرف بڑھایا۔

جسے جویریہ نے سستی سے تھام لیا۔

اور خود ٹیبل پر بیٹھ کر کپ کو لب سے لگا کر کافی کا گھونٹ لیا اور جویریہ سے مخاطب ہوا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تم سپیچ کمپٹیشن میں حصہ لینے والی تھی نا؟ میں نے تمہارا رجسٹریشن کروادیا ہے۔"اس نے"

نرمی سے جویریہ کو کہا تھا۔

نہیں بھائی مجھے نہیں لینا اب کسی میں کوئی حصّہ آپ جا کر فارم کینسل کروادے۔اس نے"

اکتاہٹ سے کہا تھا۔

پر کیوں کل تک تو تم بہت دلچسپی رکھ رہی تھی اب کیا ہوا۔"صفوان نے حیرانی سے پوچھا تھا۔"

نہیں بھائی میں تھک چکی ہو مجھے اب کچھ نہیں کرنا۔"وہ رو دینے کو تھی۔"

کوئی بات ہوئی ہے تو بتاؤ مجھے۔تم ایسی تو نہیں تھی۔کیا ہو گیا ہے تمہیں؟"وہ اب کے نرمی"

سے پوچھ رہا تھا۔

اس کا من چاہا وہ ابھی یہاں سے کہیں بھاگ جائے۔

وہ اپنے آنسو چھپا دینا چاہتی تھی پر اب وہ تھک چکی تھی اسکی آنکھ سے ایک آنسو لڑھ کر اس کے

گال پر گرا تھا۔

کیا ہوا جوئی میں کچھ پوچھ رہا ہو۔"صفوان نے پریشانی سے پوچھا تھا۔"

"بھائی میں نے جان بوجھ کر کچھ نہیں کیا۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اتنا کہہ کر وہ اپنے بھائی کے گلے لگ گئی۔اب وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی تھی۔صفوان کو سمجھ نہیں آرہی تھی اس نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور نرمی سے کہاں۔

ہاں میری بہن کچھ غلط نہیں کر سکتی پر یہ تو بتاؤ آخر ہوا کیا ہے۔"اس نے اپنا سر اس کے سینے" سے اٹھایا اور کہنا شروع کیا۔

یہ چند دنوں پہلے کی بات تھی جوئی اپنے دوستوں کے ساتھ یونیورسٹی کے کنٹین میں بیٹھی تھی وہ سب خوش گپیوں میں مصروف تھے۔

یہ القمہ کہارہ گیا صوفیہ نے گھڑی کی طرف دیکھ کر کہا تھا۔

مجھے پتا ہے ابھی وہ کسی نہ کسی کو پیٹ رہا ہو گا۔"زینب نے ہنس کر کہا تھا۔"

تمہیں وہ کہیں کا ڈان لگتا ہے یا تم اسے گنڈا سمجھتی ہو؟"جوئی نے برا لگنے والے انداز میں زینب" سے کہا۔

اچھا اچھا کول رہو جوئی،زینب نے صرف مذاق میں کہا ہے اس پر چڑنے والی بات نہیں۔یہ" کہنے والی صوفیہ تھی۔

اتنے میں کوئی وہاں آیا اور چیئر کھینچ کے جوئی کے سامنے بیٹھا تھا۔سفید شرٹ پر سیاہ جنس پہنے سر پر پکیپ رکھے وہ نوجوان سمارٹ لگتا تھا۔

القمہ ہم تمہارا انتظار کر رہے تھے تم کہارہ گئے تھے ؟"جوئی نے کہا تھا۔"

"او کے او کے اب آگیا ہو مجھے تھوڑا کام تھا بس وہی کرنے گیا تھا۔"

اچھا تم دونوں چپ رہو اب۔میرے پاس ایک گیم ہے ہم وہ کھلتے ہے چلوں۔"زینب نے" خوشی سے آگے ہو کر کہا۔

کونسا گیم ؟"صوفیہ نے سوال کیا تھا۔"

www.novelsclubb.com

Truth and dare!!

کہہ تو ایسے رہی تھی جیسے خود نے کوئی گیم بنالیا ہو۔"القمہ نے ہنستے ہوئے کہا۔ساتھ ہی صوفیہ" اور جوئی کا بھی قہقہہ بلند ہوا تھا۔

جاؤ یار تم پہلے ہنسی اڑالو میری ہونہہ "زینب چڑ کر بولی تھی۔"

اچھا اچھا کھلتے ہیں۔ تم شروع کرو ٹھیک ہے۔" جوئی نے جیسے ہار کر کہا تھا۔ اسے اس طرح کے " گیم بلکل نہیں پسند تھے جس میں ہمارے راز راز نہ رہے۔

Truth or Dare?

زینب نے القمہ سے سوال کیا تھا۔

Truth !!!!

القمہ نے بیزاری والے انداز میں جواب دیا.

اچھا تو یہ بتاؤ تم نے ٹیسٹ والے دن ایسا کیا جادو کر دیا تھا جو سب سے اچھے مارکس لے " آئے۔" زینب نے تفتیشی انداز میں سوال کیا۔

ایسی باتیں بتائی نہیں جاتی ورنہ نظر لگ جاتی ہے۔" القمہ نے شرارت سے کہا تھا؟"

میں نے ڈائلاگ مارنے نہیں کہا سیدھے سے جواب دو۔" اس بار زینب نے غصّہ سے کہا۔"

اوکے اوکے بتاتا ہو۔" اس نے ہاتھ اٹھا کر کہا تھا"

میں نے صرف پروفیسر کے گھر جا کر انہیں چھوٹی سی دھمکی دی تھی۔" اس نے معصومیت " سے کہا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اور یہ چھوٹی سی دھمکی کیا تھی؟"جوئی نے سوال کیا تھا۔"

بس یار ایک ہی سوال پوچھنا ہوتا ہے۔"اس نے بیزار ہو کر کہا تھا۔"

ٹھیک ہے اب جوئی کی باری۔"زینب نے جویریہ کو دیکھتے ہوئے کہا۔"

Truth or dare?

ڈیئر۔"جوئی نے سوچتے ہوئے جواب دیا تھا۔"

القمہ نے زینب کی طرف جھک کر اس کے کان میں سرگوشی کی تھی۔زینب نے اوکے کہہ کر جوئی کو دیکھا اور کہا۔

"تو کیا تم تیار ہو؟"

www.novelsclubb.com

ہاں میں تیار ہو۔"جوئی نے القمہ اور زینب کو دیکھتے ہوئے کہا تھا۔"

اوکے۔تو تمہیں بس اتنا کرنا ہے کہ القمہ کچھ کہے گا جس کے جواب میں تمہیں صرف yes کہنا ہے۔"

پر یہ کیسا ڈیئر ہوا؟"جوئی نے نہ سمجھنے والے انداز میں کہا۔"

"وہ تمہیں خود سمجھ آجائے گا۔تم پہلے یہاں سے اٹھ کر چیئر کے پیچھے کھڑے ہو جاؤ۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جوئی کرسی سے اٹھ کر پیچھے جا کھڑی ہوئی تھی۔زینب نے القمہ کو اشارہ کیا تھا۔

القمہ کرسی دھکیل کر اٹھا اور جوئی کی طرف گھٹنے کے بل بیٹھ گیا۔

اس کے ہاتھ میں چھوٹا سا پلاسٹک کا گلاب تھا جو اس نے ٹیبل ہی سے اٹھا کر لیا تھا۔القمہ نے جوئی کی طرف ہاتھ بڑھا کر زور سے چلا کر کہا۔

“Will you marry me?”

زوہیب جو وہاں کب سے موبائل میں نظرے جماہے بیٹھا تھا چہرہ اٹھا کر القمہ کو دیکھا اور پھر جوئی کی طرف دیکھا،اب وہ جوئی کے کچھ کہنے کے انتظار میں تھا.

کینٹین میں بیٹھے سارے لوگوں نے اسے مڑ کر دیکھا۔

www.novelsclubb.com

جوئی یک تک اسے دیکھے گئی پھر جب لب کھلے تو اتنا کہا کہ۔۔۔

"کیا ہے یہ؟"

ڈیئر ہے یار۔"زینب نے القمہ سے پوچھا جانے والا سوال کا جواب دیا تھا۔"

اب تم جلدی سے ہاں کہوں۔"صوفیہ بھی اس گیم سے تنگ آگئی تھی سو جان چھڑانے کے" لئے جوئی سے کہا۔

جوئی نے گہری سانس لی اور القمہ کی طرف مخاطب ہو کر کہا۔

"Yes ---"

سارے کنٹین میں تالیوں کا شور چھا گیا۔ان چاروں نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو کنٹین کے سارے لوگ انہیں کی طرف متوجہ تھے۔

چاروں نے زوردار قہقہہ لگایا۔

زینب کرسی سے اٹھ کر سامنے آئی اور کہا۔"اُفف یار! تم سب بھی نہ ہم لوگ صرف ڈیئر پورا کر رہے تھے۔یہاں کوئی کسی کو پرپوس نہیں کر رہا۔"وہ ہنستے ہوئے کہہ رہی تھی۔اتنے میں بیل سنائی دی یہ بیل اس بات کی آگاہی تھی کے اب انٹرول ختم ہو گئی۔

کنٹین میں بیٹھے بہت سے سٹوڈنٹ نے جھرجھری لی اور سب کلاسس کی طرف بڑھ گ ئے۔

سوائے خدیجہ کے وہ وہی بیٹھی تھی۔اس نے جویریہ کو آواز لگائی۔

جوئی ادھر آؤ۔مجھے تم سے بات کرنی ہے۔"جوئی چھوٹے چھوٹے قدم بڑھاتی اس کے میز " تک آئی تھی۔

"کیا بات ہے خدیجہ ؟ کہوں میں سن رہی ہو۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یہ تم نے کیا کر دیا جوئی؟"اس نے پریشانی سے جوئی کی طرف دیکھا۔"

اب میں نے کیا کیا؟"جویریہ نے نہ سمجھنے والے انداز میں کہا تھا۔"

یہ پوچھوں تم نے کیا نہیں کیا۔ تمہیں پتا بھی ہے ایجاب اور قبول سے نکاح ہو جاتا ہے۔"""

خدیجہ واقع ہی پریشان لگ رہی تھی۔

پر میں نے مذاق میں کہا ہے۔میں صرف ڈیئر پورا کر رہی تھی۔جویریہ نے الجھے ہوئے انداز" میں کہا تھا۔

نکاح چاہے سوچ سمجھ کر کیا جائے،چاہے مذاق میں۔"

اللہ کے نبی کی حدیث ہے :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:”تین چیزیں ایسی ہیں کہ انہیں سنجیدگی سے کرنا بھی ”سنجیدگی ہے اور ہنسی مذاق میں کرنا بھی سنجیدگی ہے نکاح،طلاق اور رجعت

Sunan Tirmizi#1184

Stat8us: صحیح

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

خدیجہ نے تھوڑا وقفہ لیا اور پھر کہا۔"دو گواہوں کی موجودگی میں ایجاب اور قبول سے نکاح" ہو جاتا ہے۔خدیجہ بہت نرمی سے کہہ رہی تھی۔

جویریہ کو تو مانو سانپ سنگھ گیا تھا اسے محسوس ہوا کے آسمان اس کے اُپر ٹوٹ گرا ہو یا وہ زمین میں دھنسا دی گئی ہو۔اسے یک دم اپنا دم گھوٹتے ہوئے محسوس ہو رہا تھا۔اسے لگا اب وہ اگلی سانس نہیں لے سکے گی!!

بعض اوقات ہم مذاق میں ایسی غلطیاں کر جاتے ہیں جس کی وجہ سے ہمیں ساری زندگی پچھتانا پڑھتا ہے۔گناہ کرنے پر اسکی معافی سے گناہ مٹائے جا سکتے ہے پر غلطی نہیں مٹائی جا سکتی۔

آج کل کی generation دین سے اتنی دور ہو گئی ہے کے مذاق میں نکاح بھی کر لیتے ہے اور انھیں پتا تک نہیں ہوتا.

اسکول کالج وغیرہ میں ہزاروں ایسے واقعات پیش آتے ہے کے لڑکا بھرے مجموعے میں لڑکی کو پرپوس کرتا ہے،لڑکی ہاں کر دیتی ہے ان کا نکاح ہو جاتا ہے اور انھیں پتا تک نہیں ہوتا.

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اوراس میں سب سے زیادہ نقصان لڑکیوں کا ہوتا ہے. لڑکے پرپوس کر نکاح میں باندھ کر چھوڑ جاتے ہے اور لڑکی دوسرے مرد پر حرام ہو جاتی ہے.

ایسے میں اگر لڑکی کسی اور سے شادی بھ-ی کر لے تو وہ زناکاری م-یں شمار ہوتا ہے.

اوران سب کی وجہ ہے دین سے دوری--!!

اس نے سراقصّہ صفوان کو سناڈالا تھا اور اب بھی وہ بچوں کی طرح رو یے جارہی تھی۔ صفوان کا چہرہ بلکل سفید پڑھ چکا تھا اسے ایسے محسوس ہو رہا تھا جیسے کسی نے اسکی روح کھینچ لی ہو۔

کیا تمہیں نہیں پتا مذاق میں بھی نکاح ہو جاتا ہے۔ یار جوئی تم ایسے کیسے کر سکتی ہو؟" اُس کے " لہجہ میں کسی قسم کی سختی نہ تھی وہ پریشان لگتا تھا۔ جویریہ نے کوئی جواب نہیں دیا وہ بس روےیے جا رہی تھی۔

صفوان نے نرمی سے اس کے گال پر گرتے آنسو پوچھے تھے۔

اچھا اب بس کردو میں کچھ کرتا ہو۔" اس نے نرمی سے کہا وہ جج کرنے والے لوگوں میں سے " نہیں تھا وہ اپنے بہنوں کر ہر موڑ پر ساتھ دیتا تھا۔

ہر لڑکی کے پاس ایک ایسا بھائی تو ہونا چاہیے جو اس کو ہر برے وقت سے نکالنے میں مدد کرے.

www.novelsclubb.com

ہر کسی کے گناہ الگ الگ ہوتے ہے ہمیں کسی کو جج نہیں کرنا چاہیے۔

تمہیں پتا ہے جوئی ہمیں سب سے زیادہ کون محبت کرتا ہے؟" جوئی نے خالی خالی نظریں اُس کی طرف اٹھائی تھی اور کہا کچھ نہیں بس اسے دیکھنے لگی۔

کوئی جواب نہ پاکر صفوان نے خود ہی کہنا شروع کیا۔

میں بتاتا ہو۔ ہمیں سب سے زیادہ محبت ہمارا اللہ کرتا ہے۔ تمہیں پتا ہے جب میں نے تمہیں بے ہوش پڑے دیکھا تو مجھے بہت تکلیف ہوئی تھی۔ میں تمہیں تکلیف میں نہیں دیکھ سکتا کیونکہ میں بھی تم سے محبت کرتا ہوں لیکن تمہیں پتہ ہے سب سے زیادہ محبت تم سے اللہ تعالی کرتے ہے۔ اس لیے تم جاؤ اور اللہ سے دعا کرو وہ سب کچھ ٹھیک کردیں گے۔ وہ تم سے محبت کرتے ہے وہ تمہاری سن لیں گے۔ اٹھوں جاؤ شاباش۔ ہم بعد میں بات کریں گے۔ ٹھیک ہے؟" اتنا کہہ کر وہ بڑے بڑے ڈگ بھرتا کمرے سے باہر نکل گیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

وہ کمرے میں بیٹھی رہی تھوڑی دیر بعد اس نے بیڈ سے اٹھنے کی ہمت کی اور باتھروم تک آئی اندر جاکر جوئی نے وضو بنایا اور باہر آئی۔ مصلہ بچھا کر وہ اس پر بیٹھ گئی۔ پھر دونوں ہاتھ دعا کے لئے اٹھائے۔ اسے یقین تھا جو دنیا والے نہیں کر سکتے وہ آسمان والا کر سکتا تھا۔۔۔

تھوڑی دیر بعد صفوان ایمان کے کمرے میں تھا اس نے کچھ کہنے کے لئے لب کھولے ہی تھے کے ایمان کا فون بجنے لگا۔

ایمان نے فون اٹھا کر دیکھا سکرین پر "علیشا کالنگ" لکھا آرہا تھا۔

ایمان نے فون اٹھا کر کانوں سے لگایا۔

"ہاں علیشا کیا بات ہے کیسے یاد کیا؟"

کیا بات ہے کہہ رہی ہو یار ایمان تم اتنی لاپرواہ کیسے ہو سکتی ہو؟ آج تمہارا بیان تھا۔" ایمان اور علیشا دونوں ہی اسکالر تھی اور اچھی دوست بھی انہوں نے ساتھ ہی دینی تعلیم حاصل کی تھی۔

یہاں سب آکر جمع ہو گئے ہیں اور تم کہہ رہی ہو کیا کام ہے؟" علیشا کا تو جیسے بس نہیں تھا" کے وہ ایمان کو گھر آکر خوب باتیں سنائے۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

افف میں بھول گئی تھی یار۔مجھے سچ میں یاد نہیں رہا تم پلیز وہاں تھوڑی دیر سنبھال لو میں بس" ابھی پہنچتی ہوں۔" اتنا کہہ کر ایمان نے کال کاٹی تھی اور اب وہ اٹھ کھڑی ہوئی۔ جلدی سے اپنا عبایا نکالا اور اسے پہن کر وہ تیار ہو چکی تھی۔

تم ایک کام کرو جوئی کو اپنے ساتھ لے جاؤ۔" صفوان نے اسے مشورہ دیا تھا۔"

مجھے پتا ہے وہ نہیں آئے گی۔ میرے پاس اتنا وقت نہیں ہے صفوان۔" اس نے جیسے اعلان کیا" تھا۔

"تم صرف پانچ منٹ رکو میں ابھی اسے لے کر آیا۔"

تھوڑی دیر بعد وہ جوئی کو لے آیا تھا۔اب وہ فریش لگ رہی تھی مگر اسکی آنکھیں اب بھی سوجی ہوئی تھی۔

آج کہیں سورج مغرب سے تو نہیں نکل آیا جو جویریہ میرے ساتھ آنے لگی ہے؟" ایمان نے اسے کچھ حیران ہو کر کہا تھا۔

کیا ہوا چڑیل کیا اب تمہیں دیر نہیں ہو رہی؟" صفوان نے تپانے والے انداز میں کہا تھا۔"

ایمان نے خود کو چڑیل کہے جانے پر صفوان کو گھورا۔

www.novelsclubb.com

تمہیں میں بعد میں دیکھتی ہوں۔" کہہ کر وہ آگے بڑھ گئی۔"

•••••

تھوڑی دیر بعد ایمان اور جویریہ ایک بڑی سی بلڈنگ کے سامنے کھڑے تھے بلڈنگ پر بڑے سے بورڈ میں لکھا ہوا تھا۔

Kohinoor function hall.

یہ ہال زیادہ تر شادیوں کے لئے اور دوسرے فنکشن کے لئے مشہور تھا۔ وہ دونوں قدم قدم چلتے ہوئے اندر داخل ہوئے تھے۔ اندر جاؤ تو سامنے ہی اسٹیج لگایا گیا تھا اور نیچے بہت ساری کرسیوں پر لوگ بیٹھے دکھائی دے رہے تھے۔ اسٹیج پر علیشا کھڑی نظر آرہی تھی جو مائک سیٹ کر رہی تھی۔ ایمان نے جویریہ کو سامنے والی کرسی پر بٹھایا اور نرمی سے اس کے کاندھے کو تھپکا۔

میں ابھی آتی ہوں۔" یہ کہہ کر وہ آگے بڑھ گئی۔"

علیشا نے اسے دیکھ کر جیسے سکون کا سانس لیا۔

تم جاؤ اور بیان کہنا شروع کر دو۔" علیشا نے وقت کو اور ضائع نہ کرتے ہوئے ایمان سے کہا۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ایمان چھوٹے چھوٹے قدم لیتے ہوئے اسٹیج پر گئی اور گائز کے سامنے کھڑے ہو گئی۔ بایاں ہاتھ ڈائز پر رکھا اور دائیں ہاتھ سے مائک کو پکڑ کر تھوڑا آگے کو ہوئی اور سلام کیا۔

"اسلام علیکم!"

ایمان کو پتا تھا آج اسے کس ٹوپک پر بات کرنی ہے۔اُس نے دل ہی دل میں جمع تفریق کی اور دل میں دعا مانگی۔

"یا اللہ آپ مجھ سے وہ کہلوانا جو آپ چاہتے ہے۔"

اس کی عادت تھی وہ جب بھی کبھی کچھ کہنے جاتی تو یہ دعا ضرور مانگتی تھی۔

ایمان نے کہنا شروع کیا۔

حدیث پاک کا مفہوم ہے۔"

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تمام مسلمان ایک جسم کے مانند ہے کے جب ایک حصّہ کو تکلیف ہوتی ہے تو سارا جسم محسوس کرتا ہے۔" اسکی آواز بہت نرم تھی یو مانو کوئی سحر ہو۔

تو ذرا غور کریں کہ فلسطین کے مسلمانوں کے اوپر ظلم ہوتے ہوئے دیکھ کر ہمیں محسوس ہو رہا ہے؟ نہیں ہو رہا ہم اب بھی خاموش ہے روز لا تعداد بچوں کو شہید ہوتے ہوئے دیکھ کر بھی ہم

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

خاموش ہے۔ہم ہمارے زندگیوں میں خوش ہے ہمیں ان معصوم بچوں کی کوئی پرواہ نہیں تو کیا ہم مسلمان ہوئے؟

اگر ہم مسلمان ہے تو کیسے مسلمان ہے کہ ہمارے بھائی بہنوں کی جانو پر ظلم ہو رہا ہے اور ہمیں ذرا سا بھی احساس نہیں.

ہم اپنی ہی زندگیوں کی چھوٹی موٹی پریشانی کو لے کر بیٹھے ہوئے ہے۔

کیا ہمیں فلسطین کے چھوٹے چھوٹے بچے جو آسمان میں ہلیکوپٹر کو اڑتے ہوئے دیکھتے ہے تو سوچتے ہے کے یہ ہمارے لئے کھانا ہے یا موت۔کیا ہمیں اب بھی ان پر رحم نہیں آتا؟آپ سے کون کہہ رہا ہے کے وہاں جاکر جہاد کرے ہاں ہمیں پتا ہے ہماری مجبوری ہے ہم وہاں نہیں جا سکتے تو ہم اپنی جانوں کے ذریعہ جہاد نہیں کر سکتے؟تو کیا ہم اپنی زبان سے نہیں لڑ سکتے؟

کیا ہم اپنی قلموں کو اُن کے حق میں نہیں اٹھا سکتے؟

جب قیامت کے دن سب کو اللہ کے سامنے پیش کیا جائے گا تو کیا جواب ہو گا ہمارے پاس؟

ہم سے سوال کیا جائے کہ تمہارے بھائیوں کو شہید کیا جارہا تھا تم زبان تو کھول سکتے تھے نا؟تم اُن کے لئے دو آنسو تو بہا سکتے تھے نا؟

www.novelsclubb.com
WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یہ تو پیارے نبی ﷺ کی پیاری امت تھی ان پر ظلم ہوتا رہا اور تم سب خاموش تھے۔ تمھارے پاس اتنا وقت نہ تھا کے ان دین کے شہیدوں کے لئے دعا ہی کر دو؟

جب ہم سے پوچھا جائے گا کے فلسطین کے لوگ بھو کے شہید ہو رہے تھے۔ وہاں کی بہنوں کی عزت کو لوٹا جا رہا تھا۔ وہاں کے نوجوانوں کو شہید کیا جا رہا تھا اور تم سب اپنی ہی زندگی میں مدہوش تھے۔ کیا جواب ہو گا ہمارے پاس؟ کیا کوئی حجت ہو گی ہمارے پاس جس کو ہم پیش کر سکے؟ نہیں نہ تب ہمارے پاس کوئی جواب نہیں ہو گا نہ ہی کوئی حجت ہو گی۔

.ایک لڑکی نے فلسطین سے خط بھیج کر وہاں کے حالات بتائے

وہ خط میں کہہ رہی تھی کے میں ابھی جہاں بیٹھی ہو میرے سامنے ایک لڑکی خود کے سر کو دیوار پر مار مار کر خود خوشی کر رہی ہے.

اور کہہ رہی ہے کے میں مزید اپنے پیٹ کو حرام اولادوں سے نہیں بھر سکتی۔ میں امید کرتی ہو اللہ مجھے معاف کر دے گا۔ وہاں کی بہنوں کی عزت کو تار تار کیا جا رہا ہے اور ہم اب بھی پر سکون ہے۔" ایک آنسو ایمان کے آنکھ سے نکل کر اُس کے گال پر گرا تھا۔ سارے میں ایسا سکوت چھایا تھا جیسے وہاں کوئی جان نہ ہو کوئی حرکت وہاں نہیں ہو رہی تھی سوائے آنکھوں کے۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

صرف آنکھوں سے آنسو گر گر کر لوگوں کے چہرے بھگو رہے تھے اور ہال میں مکمل خاموشی تھی۔

خدارا!! اگر اب بھی ہم خاموش رہے تو دیر نہیں کہ یہ دن ہمیں بھی دیکھنے پڑھے۔(خدا نہ" کرے)اب تو ہمیں ہوش میں آنا ہی ہوگا ہم کچھ نہ سہی رو کر دعا تو کر سکتے ہے نا؟ دعا تو ہمارا ہتھیار ہے ہم کیسے اپنے ہتھیار کو بھول گ ئے؟ یقیناً ہم بہت کمزور ہے لیکن خدا کی قسم میرا خدا کمزور نہیں۔وہ ہر چیز پر قادر ہے آپ ایک بار اُس کی بارگاہ میں جائے وہ مان جاتا ہے وہ خالی ہاتھ نہیں لوٹاتا۔اس سے مانگے۔ہم کچھ نہیں کر سکتے تو دعا ہی کر لے ان معصوم بچوں کے لئے ان کمزور بزرگوں کے لئے ان بے بس بہنوں کے لئے جن پر ظلم کیا جارہا ہے. ساری دنیا خاموش ہے کیا ہم مسلمان ہیں؟ کیا اتنا کمزور ہوتا ہے مسلمان؟ نہیں! مسلمان تو وہ تھے جنہوں نے مٹھی بھر ہونے کے باوجود ہزاروں کے لشکروں کو مات دی تھی۔

ہم بھی مسلمان ہے۔ہم بھی یہ کر سکتے ہے ہم دعا کر سکتے ہے یقین جانے مقدر کو بھی دعائیں ٹال دیتی ہے۔خدارا ابھی بھی وقت ہے اٹھالے اپنے ہاتھ اس خدا کے سامنے جس کے قبضہ میں ساری کائنات ہے وہ کہتا ہے

(اُدۡعُوۡنِیۡۤ

www.novelsclubb.com
WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!! مجھ سے مانگو میں قبول کروں گا۔

مانگ لے اس سے کہ وہ نہیں دھتکارتا۔"آنسوں نے ایمان کا پورا چہرہ بھگودیا تھا وہ چھوٹے" چھوٹے قدم اٹھاتے ہوئے اسٹیج سے اترنے لگی۔اُس کی آنکھوں میں آنسو تھے۔ صرف اس ہی کے نہیں بلکہ کیا کوئی ایک بھی ہال میں ایسا انسان تھا جس کے آنکھ میں آنسو نہ ہو؟

•••••

تھوڑی دیر بعد وہ اپنے کمرے میں بیٹھی کسی سوچ میں گم تھی۔آج اُس نے پہلی بار اپنی بہن کو سنا تھا۔ایمان جب کبھی بھی کوئی پروگرام میں جاتی جوئی سے ضرور ساتھ چلنے کہتی تھی پر جوئی ہر بار کوئی نہ کوئی بہانہ لگا کر ٹال دیتی تھی۔آج جب جوئی نے اپنی بہن کو بولتے سنا تو وہ دنگ رہ گئی تھی۔ایمان کی آواز اب بھی جوئی کے کانوں میں گونج رہی تھی۔اُس نے فلسطین میں لڑکیوں پر ہوتے ظلم کے بارے میں سوچا اور اسے خود کی مشکل بھول گئی اصل مشکلوں میں تو وہاں کے لوگ ہیں۔تب ہی دروازے پر دستک ہوئی۔

جوئی! کیا میں اندر آجاؤ؟"صفوان نے آواز لگائی۔"

ہاں آجائے بھائی۔"جوئی نے فوراً سے کہا۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

صفوان دروازہ دھکیل کر اندر داخل ہوا۔

مجھے تم سے بات کرنی ہے۔"صفوان بیڈ پر بیٹھتے ہوئے کہہ رہا تھا۔"

"جی بھائی کہیں میں سن رہی ہوں۔"

"سب سے پہلے مجھے یہ بتاؤ کے کیا تم نے القمہ سے بات کی اس بارے میں؟"

"ہاں بھائی میں نے اس سے بات کی ہے۔"

کیا کہاں تم نے اُسے؟"صفوان نے سوال کیا تھا۔"

بھائی میں نے اسے کہا تھا کے وہ مجھے طلاق دیدے پر القمہ نے انکار کر دیا۔"جوئی نے خشک" لبوں پر زبان پھیری۔

کیوں نہیں دے گا وہ طلاق؟اُس سے میں نپٹتا ہو تم مجھے اسکا نمبر دو۔

جوئی نے خاموشی سے اپنا موبائل اٹھایا اور ایک نام کے آگے ٹھہر گئی اور صفوان کی طرف فون بڑھایا۔

